اردو میں ساہتیہ اکادمی کا ترجمہ ایوارڈ ۲۰۲۱ء ممتاز مترجم ارجمند آرا کو

ساہتیہ اکادمی نے ۲۲ ہندوستانی زبانوں کے ترجمہ ایوارڈ کا اعلان کیا، ہندی میں دھرنیندر کرکری، کشمیری میں پیارے ہتاش اور انگریزی میں شانتا گھوکھلے ایوارڈ سے سرفراز، یہ ایوارڈ پچاس ہزار روپے نقد اور توصیف نامے پر مشتمل ہے، جو رواں سال ساہتیہ اکادمی کی ایک پروقار تقریب میں تقسیم کیے جائیں گے

نئی دہلی (اسٹاف رپورٹر) ساہتیہ اکادمی کے صدر ڈاکٹر چندر شیکھر کمبار کی صدارت میں آج ساہتیہ اکادمی کی مجلس انتظامیہ کی میٹنگ ہوئی جس میں ۲۲ ہندوستانی زبانوں کے ساہتیہ اکادمی ترجمہ ایوارڈ ۲۰۲۱ء کے لیے کتابوں کے انتخاب کو منظوری دی گئی۔ اردو میں ترجمہ کے لیے ممتاز ارجمند آرا کو ان کے بہترین ترجمہ 'بے پناہ شادمانی کی مملکت' کے لیے منتخب کیا گیا جو ارون دھتی رائے کی انگریزی ناول 'دی منسٹری آف اٹ موسٹ ہیپینیس' کا انگریزی سے اردو ترجمہ ہے۔ ارجمند آرا دہلی یونیورسٹی میں اردو ادب پڑھاتی ہیں جو ترجمہ اور تنقید کے میدان میں بھی کام کرتی ہیں۔ زمانہ طالب علمی سے ہی انجمن ترقی پسند مصنفین سے وابستہ رہیں۔ ہندوستان میں ارون دھتی رائے، دھرم ویر بھارتی، وبھوتی نارائن رائے، مشیر الحسن، گارگی چکرورتی، دویا ماتھر کی تخلیقات اور عالمی ادب میں عتیق رحیمی (افغانستان)، حسن بلاسم (عراق)، طیب صالح (سوڈان)، طاہر بن جلون (مراکش)، میرال الطحاوی (مصر) اور رالف رسل (برطانیہ) کی تخلیقات اردو میں ترجمہ کر چکی ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ ربندرا بھون نئی دہلی میں ساہتیہ اکادمی کے چیئرمین ڈاکٹر چندر شیکھر کمبار کی صدارت میں ایگزیکیٹو بورڈ نے ۲۲ ہندوستانی زبانوں کے لیے ساہتیہ اکادمی ترجمہ ایوارڈ ۲۰۲۱ء کو منظوری دی ہے جبکہ میتھلی اور راجستھانی زبانوں کے ساہتیہ اکادمی ترجمہ ایوارڈ کا اعلان جلد ہی کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ ساہتیہ اکادمی ہر سال ۲۴ زبانوں کے مترجمین کو ایوارڈ کے لیے منتخب کرتی ہے۔ یہ ایوارڈ پچاس ہزار روپے نقد اور توصیف نامے پر مشتمل ہے۔ اس سال کے ایوارڈ کے لیے یکم جنوری ۲۰۱۵ء سے ۳۱ دسمبر ۲۰۱۹ء کے دوران شائع تراجم زیر غور آئیں۔ یہ انعامات سال رواں کے دوران ساہتیہ اکادمی کی ایک پروقار تقریب میں تقسیم کیے جائیں گے۔ اردو ایوارڈ کا فیصلہ جیوری کی میٹنگ میں ہوا جس کی صدارت اردو مشاورتی بورڈ کے کنوینر اور معروف شاعر شین کاف نظام نے کی اور جیوری ممبران میں پروفیسر شافع قدوائی، ڈاکٹر احمد صغیر اور ڈاکٹر راجیش ریڈی شامل تھے۔

ارجمند آرا